130 مختصر سوالات کے جوابات

بمطابق نصاب کنز المدارس

شرح کنز الدقائق مع

پیشکش : جامعۃ المدینہ

فیضانِ امام حسین رضی اللہ عنہ

درجہ رابعہ

علی اصغر عطاری ، عبداللہ حسین عطاری

نعیم عطاری

# کتاب الحج

سوال نمبر 1: حج کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔

حج کا لغوی معنی ارادہ کرنا ہے۔
حج کا اصطلاحی معنی یہ کہ مخصوص زمانے میں مخصوص فعل کے ساتھ مکانِ مخصوص کی زیارت کرنے کو حج کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2: حج کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟

حج کے 2 ارکان ہیں۔
(1) وقوفِ عرفہ (2) طوافِ زیارہ

سوال نمبر 3: حج کے واجب ہونے کی کتنی اور کونسی شرائط ہیں؟

عاقل ہونا، بالغ ہونا، آزاد ہونا، مسلمان ہونا، استطاعت ہونا، فرضیتِ حج کا علم ہونا

سوال نمبر 4: حج کے وجوبِ ادا کی شرائط تحریر کریں

(1) تندرست ہونا (2) مانع حسی کا نہ ہونا
(3) راستے کا پُرامن ہونا (4) عورت کے حق میں کسی قسم کی عدت کا نہ ہونا (5) عورت کے ساتھ کسی محرم یا زوج کا ہونا

سوال نمبر 5: بچے نے نفل حج کے احرام کی نیت کی اور بالغ ہو گیا کیا اس احرام سے فرض ادا کر سکتا ہے؟

جواب: اگر کسی بچے نے نفل حج کا احرام باندھا پھر وہ بالغ ہو گیا اور اسی احرام کے ساتھ حج ادا کر لیا تو اس حج کی ادائیگی سے اس کے ذمہ سے فرض ادا نہ ہوگا

اس نے نفلی احرام باندھا تھا۔

سوال نمبر 6 میقات کتنے ہیں؟ کونسا میقات کس کے لیے ہے؟

لوگ تین طرح کے ہیں اس کے لیے میقات بھی تین ہیں

(1) آفاقی (2) حلی (3) حرمی

آفاقی :- ذوالحلیفہ، ذات عرق، جحفہ، قرن اور یلملم سے باہر جو لوگ رہتے ہیں ان کے لیے یہی پانچ میقات ہیں۔

حلی :- جو مذکورہ مواقیت خمسہ اور حرم کے درمیان رہتے ہیں ان کے لیے میقات حل ہی ہے۔

حرمی :- جو حدودِ حرم میں رہتے ہیں یہ لوگ اگر عمرہ کرنا چاہتے ہیں تو حرم سے احرام باندھے گے اگر حج کرنا چاہتے ہیں تو حل سے احرام باندھے گے۔

سوال نمبر 7 کس شخص کے لیے کہاں سے محرم ہونا واجب ہے؟

آفاقی کے لیے میقات سے، مکی کے لیے حل سے اور غیر مکی کے لیے کہاں سے مرضی۔ مطلب حرم والا اپنی رہائش سے بھی احرام باندھ سکتا ہے۔

سوال نمبر 8 احرام کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔ احرام میں کتنے کپڑے ضروری ہیں؟

احرام کا لغوی معنی حرمت میں داخل ہونا۔

اصطلاحی معنی حج یا عمرے کی نیت سے حج کا مخصوص لباس پہن کر تلبیہ پڑھنا یا حج کا جانور اپنے ساتھ لے کر چلنا احرام ہے۔

احرام میں دو کپڑے ضروری ہیں۔

(1) تہبند (2) چادر

سوال نمبر 9 احرام کا حکم بیان کریں۔

احرام کے بغیر میقات سے گزرے تو دم واجب ہوگا۔

لہذا احرام ضروری ہے۔

سوالنمبر10 تلبیہ احرام کی دعا تحریر کیجیے نیز احرام کی دو رکعتیں پڑھنے کا حکم بیان کیجیے۔

تلبیہ کی دعا:
"لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ"

احرام کی دعا:
احرام کے لیے ایک مرتبہ زبان سے لبیک کہنا ضروری ہے اور اگر اس کی جگہ سُبْحٰنَ اللّٰہِ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یا کوئی اور ذکر الٰہی کیا اور احرام کی نیت کی تو احرام ہو گیا مگر سنت لبیک کہنا ہے۔
احرام کی دو رکعتیں پڑھنا اگر وقت مکروہ نہ ہو تو سنت ہے۔

سوالنمبر11 چھ ایسی باتیں تحریر کریں جو محرم کے لیے حرام ہیں۔
(1) بری بات (2) گناہ (3) جھگڑا (4) شکار کو قتل کرنا (5) اس پر رہنمائی کرنا (6) سلا ہوا لباس پہننا

سوالنمبر12 حمام، گھر یا کجاوے کے سائے میں آنا محرم کے لیے جائز ہے یا ناجائز؟
حمام میں داخل ہونا جائز ہے، گھر یا کجاوے کا سایہ لینے میں بھی حرج نہیں۔

سوالنمبر13 اضطباع اور رمل کا معنی بیان کریں۔
اضطباع کا معنی یہ کہ اپنی چادر کو داہنی بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال دے اس طرح داہنا کندھا اس کا کھلا رہے گا اور بایاں کندھا چادر کی دونوں طرفوں سے مستور ہو گا۔
رمل کا معنی یہ کہ کندھوں کو ہلاتے ہوئے تیز چلنا۔

ختم طواف پر دو رکعتیں پڑھنے کا مقام و حکم بیان کریں۔

سوال نمبر 14 ختم طواف پر دو رکعتیں مقام ابراہیم پر پڑھے اور
ختم طواف پر دو رکعتیں پڑھنا واجب ہے۔

سوال نمبر 15 طواف قدوم کس کے لیے سنت ہے اور کیوں؟
طواف قدوم آفاقی کے لیے سنت ہے کیونکہ واجب نہیں کہ اہل
مکہ پر طواف قدوم نہیں کیونکہ ان کے حق میں معدوم ہے جیسے
مسجد میں جو پہلے سے حاضر ہے اس کے لیے تحیۃ المسجد کی نیت کرنا۔
امام مالک اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک طواف قدوم
واجب ہے۔

سوال نمبر 16 صفا و مروہ کسے کہتے ہیں اس کی سعی کا حکم بیان کریں۔
صفا و مروہ یہ دو پہاڑوں کا نام ہے۔ صفا یہ مذکر ہے کہ یہاں
حضرت آدم علیہ السلام ٹھہرے۔ مروہ یہ مونث ہے کہ یہاں حضرت حوا
ٹھہریں۔ صفا پر ایک بت اساف اور مروہ پر نائلہ تھا تو ان
دونوں نے زنا کیا تو ان کو وہاں ٹھہرا دیا گیا۔
ان کی سعی کرنا واجب ہے۔

سوال نمبر 17 سعی کا مختصر طریقہ بیان کریں۔
صفا کی سیڑھیوں پر اتنا چڑھے کہ کعبہ معظمہ نظر آ جائے۔ پھر
تسبیح و تہلیل و درود پڑھے اور اپنے لیے اور اپنے دوستوں اور
دیگر مسلمانوں کے لیے دعا کرے۔ پھر صفا سے اتر کر مروہ کو چلے
ذکر و درود برابر جاری رکھے جب پہلا میل آئے یہاں سے
مرد دوڑنا شروع کریں یہاں تک کہ دوسرے سبز میل
سے نکل جائیں۔ پھر یہاں سے ذکر و درود اور دعائیں
پڑھتا ہوئے جائیں صفا کی طرف اس طرح ایک چکر پورا
ہو جائے گا۔

سوال نمبر 18 یوم ترویہ، یوم عرفہ اور یوم نحر کس دن کیا جاتا ہے۔

یوم ترویہ آٹھ ذالحج، یوم عرفہ نو ذالحج اور یوم نحر دس
ذالحج کو کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 19 محرم کس دن منیٰ اور پھر عرفہ کی طرف سفر کریگا؟
محرم آٹھ ذالحج یعنی ترویہ کے دن منیٰ کی طرف نکلے گا پھر
عرفات کی طرف نکلے گا عرفہ کے دن یعنی نو ذالحج فجر
کی نماز کے بعد۔

سوال نمبر 20 عرفہ میں کونسی دو نمازوں کو کس شرائط کے تحت جمع کریگا؟
عرفہ میں ظہر اور عصر کی نمازوں کو ایک آذان اور
دو اقامتوں اور امام اور احرام کی شرائط کے تحت جمع
کیا جائے گا۔

سوال نمبر 21 عرفہ میں کس جگہ وقوف کرنا افضل ہے کہاں ٹھہرنے سے
منع کیا گیا ہے۔
عرفہ میں جبل رحمت کے نزدیک ٹھہرے گا تمام کا تمام
عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے مگر بطن عرنہ میں ٹھہرنے سے منع
کیا گیا ہے۔

سوال نمبر 22 مزدلفہ کی طرف روانگی کا وقت بیان کریں نیز مزدلفہ
میں کن دو نمازوں کو جمع کیا جائے گا۔
مزدلفہ کی طرف روانگی کا وقت غروب کے بعد اور
عشائین کو جمع کیا جائے گا ایک ہی آذان و اقامت
کے ساتھ۔

سوال نمبر 23 مزدلفہ میں کس جگہ ٹھہرنا افضل ہے اور کس جگہ ٹھہرنے سے
منع کیا گیا ہے؟
مزدلفہ میں جبل رحمت کے قریب ٹھہرنا افضل ہے باقی تمام جگہ
بھی ٹھہر سکتا ہے مگر بطن محسر میں ٹھہرنے سے منع کیا گیا ہے

سوال نمبر 24 رمی جمار کا سنت طریقہ بیان کریں۔
رمی جمرہ عقبہ کی کرے بطن وادی سے سات کنکریوں کے

ساتھ اور تکبیر کہہ کر کنکری مارے اور تلبیہ کو ختم کردے پہلی کنکری پر۔

سوالنمبر25 طواف صدر کسے کہتے ہیں؟ یہ کس کے لیے واجب ہے؟

طواف صدر حج کے افعال سے رخصت کرنا ہے طواف آفاقیوں کے لیے واجب ہے

اسے طواف وداع یا طواف رخصت بھی کہتے ہیں یہ حج کے بعد مکہ مکرمہ سے رخصت ہوتے وقت ہر آفاقی حاجی پر واجب ہے

سوالنمبر26 طواف قدوم کب اور کس کے لیے سنت ہے؟

طواف قدوم یہ آفاقی کے لیے سنت ہے۔ اس کے لیے کہ جس کے لیے مسجد حرام میں آنا آسان ہو غیر مکی کے لیے نہیں۔

سوالنمبر27

حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ ہے اور اس کا وقت 9 ذی الحجہ ہے۔

سوالنمبر28 حج کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ نام تحریر کریں۔

حج کی دو اقسام ہیں۔

(1) حج اکبر جسے حج الاسلام کہا جاتا ہے۔

(2) حج اصغر جسے عمرہ کہا جاتا ہے۔

سوالنمبر29 اقسام حج میں سے دونوں کی تعریفات لکھیں۔

حج اکبر جسے حج الاسلام کہا جاتا ہے۔

حج اصغر جسے عمرہ کہا جاتا ہے۔

سوالنمبر30 افضلیت حج میں عند الاحناف ترتیب بیان کریں۔

احناف کے نزدیک حج قران افضل ہے پھر تمتع اور پھر افراد۔

سوالنمبر31 قارن، متمتع اور مفرد کسے کہتے ہیں؟

ایک احرام سے حج و عمرہ کے ادا کرنے کو قران کہتے ہیں۔

اور جو یہ حج ادا کرتا ہے اُسے قارن کہتے ہیں۔

ایک سفر اور دو احراموں سے حج اور عمرہ ادا کرنے کو تمتع کہتے ہیں اور اسے ادا کرنے والے کو متمتع کہتے ہیں۔

ایک سفر میں صرف حج کرنے کو افراد کہتے ہیں اور اسے ادا کرنے والے کو مفرد کہتے ہیں۔

سوال نمبر32 قارن، متمتع اور مفرد میں سے کس پر قربانی واجب ہے اور کس پر مستحب ہے؟

قارن اور متمتع پر واجب اور مفرد کیلئے مستحب ہے

سوال نمبر33 حج متمتع کی کتنی اقسام ہیں فقط صورت بیان کریں۔

حج متمتع کی دو اقسام ہیں۔

(1) جو بغیر ہدی کے جاتا ہے (2) جو اپنے ساتھ ہدی لے جاتا ہے۔

ان دو میں سے ہر ایک کے احکام الگ الگ ہیں۔

سوال نمبر34 قارن اور متمتع قربانی کرنے سے عاجز ہوں تو ان کے لیے کیا حکم ہے؟

اگر قارن دمِ قرآن سے عاجز ہو یعنی اس کے پاس نہ دم ہو اور نہ اس کی قیمت ہو تو ایام حج میں تین روزے رکھے۔

اور سات جب مناسک حج سے فارغ ہو کل دس روزے رکھے گا۔

اور یہی حکم متمتع کا ہے

سوال نمبر35 متمتع عمرہ کرنے کے بعد اپنے وطن لوٹ آئے اس کا تمتع باطل ہو گا یا نہیں؟

اگر متمتع عمرہ کے بعد اپنے وطن لوٹ آیا اور ہدی ساتھ نہیں لے کر گیا تو باطل ہو جائے گا اور اگر لے کے گیا تو نہیں باطل ہو گا۔

سوال نمبر 36 ماہ حج کتنے اور ایام حج کتنے ہیں اور کونسے ہیں؟

حج کے ماہ 2 مہینے 10 دن ہیں اور حج کا وقت شوال سے دسویں ذلحجہ تک ہے۔

سوال نمبر 37 حج قران اور تمتع کس کے لیے ہے اور کیوں؟

حج قران اور تمتع یہ آفاقی کے لیے ہے۔ کیونکہ باقی وہ مفرد کرسکتے ہیں۔

سوال نمبر 38 اگر محرمہ حائضہ ہو گئی اس کے لیے کیا حکم ہے؟

اگر محرمہ حائضہ ہو گئی تو باقی افعال ویسے ہی ادا کرے گی مگر طواف نہیں کرے گی کہ اس کے لیے اسے مسجد میں جانا پڑے گا۔ بعد دم دے کے احرام کی پابندیوں سے نکل جائے گی۔

سوال نمبر 39 جنایات کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔

جنایات یہ جنایہ کی جمع ہے۔ اس کا لغوی معنی کوئی جرم کرنا ہے۔ اصطلاحی معنی یہ کہ ایسا کام کرنا جس سے شریعت نے بچنے کا حکم دیا ہے یہ جنایات کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 40 محرم نے عذر یا بغیر عذر حلق کروایا بہرصورت حکم شرع بیان کریں۔

دم واجب ہوگا۔

اگر قارن ہے تو دو دم ہونگے

سوال نمبر 41 محرم کے نکاح کرنے کا حکم بیان کریں۔

محرم کے لیے نکاح کرنا حرام ہے۔

سوال نمبر 42 محرم نے بھول کر گناہ جرم کیا تو کفارہ ہوگا یا نہیں؟

محرم نے بھول کر جرم کیا تو کفارہ بھی واجب ہوگا اور گناہ گار بھی ہوگا۔

سوال نمبر 43 محرم نے حالت جنب میں طواف زیارۃ کیا کس صورت میں بدنہ واجب ہوگا اور کس صورت میں دم؟

Date: __/__/20__

طوافِ زیارہ حالتِ جنابت میں کیا و حالتِ حدث میں

تو بدنہ واجب ہوگا اور صرف حالت حدث میں ہو دم

اور طوافِ صدر و قدوم حالتِ حدث میں کرنا ہو صدقہ لازم ہوگا

سوال نمبر ۶۶ حالتِ حدث میں سعی کرنے یا ترک کرنے کا حکم بیان کریں۔

حالتِ حدث میں سعی کرنا جائز ہے مستحب یہ ہے کہ باوضو سعی کرے

سوال نمبر ۶۶ عذر یا بغیر عذر کے وقوفِ عرفہ و وقوفِ مزدلفہ کو ترک کرنے کا حکم بیان کریں

وقوفِ مزدلفہ کو کسی عذر کے سبب چھوڑا تو کچھ لازم نہیں ہوا اگر بلا عذر چھوڑا چونکہ یہ واجب ہے تو واجب کو ترک کرنے کے سبب سے دم ہوگا۔

اگر وقوفِ عرفہ نہ کیا تو حج فاسد ہو جائے گا۔

سوال نمبر 66 صید سے کیا مراد ہے؟ محرم نے شکار کیا تو جرمانہ کس اعتبار سے ہوگا؟

صید اس جانور کو کہتے ہیں جو اپنی خلقت کے اعتبار سے وحشی ہو۔ پھر اپنے پاؤں یا پروں سے اپنی حفاظت کرتا ہو۔ شکار کا جرمانہ اس کی قیمت کے اعتبار سے ہوگا۔

سوال نمبر 67 محرم اگر جرمانہ صید ادا کرنے سے عاجز ہو تو کیا حکم ہوگا؟

اس کا کفارہ اس کی قیمت ہے اور قیمت میں اس جگہ کا اعتبار ہوگا یا قریبی جگہ کا۔ اور ایک عادل ہی قیمت جو شاہد وہ ہوگی یا روزے رکھ لے جتنا اگر دم ذبح اگر گوشت تقسیم کرتا مساکین کی تعداد کے حساب سے روزے رکھے

سوال نمبر ۶۸ محرم کے لیے کون سے جانور قتل کرنا جائز ہے؟

محرم اگر موذی اور کھانے والا کوا، چیل، سانپ، بچھو،
چوہا، باؤلا کتا، مچھر، چیونٹی، پسو، کچھوا، چھپکلی
ان سب کو اگر مار دیتا تو ان پر کوئی جزا نہیں کیونکہ
یہ ایذا پہنچانے والی چیزیں ہیں۔

سوال نمبر 48: محرم نے درندے کو جرم قتل کیا تو کتنا جرمانہ ادا کرنا ہوگا؟

اگر کسی نے درندے کو مار ڈالا تو اس پر جزا لازم ہے یعنی
اس کی قیمت معلوم کر کے دے گا مگر یہ قیمت بکری کی قیمت
سے زیادہ نہ ہو۔

س50) محرم کا کون سے جانوروں کو ذبح کرنا جائز ہے؟

ج) محرم کے لیے بکری گائے اونٹ مرغی گھریلو بطخ ذبح کرنا جائز ہے

س51) کیا غیر محرم کا محرم کے لیے شکار کرنا جائز ہے اسکا حکم تحریر کریں؟

ج) محرم کے لیے اگر غیر محرم نے شکار کیا تو یہ جائز ہے اس صورت میں اگر اس نے اسے حکم نہ دیا ہو شکار کرنے کا اور نہ ہی اس کی رہنمائی کی

س52) محرم شکار کے ساتھ حرم میں داخل ہوا یا محرم نے حرم میں ہی شکار کرکے صید کو بیچ دیا تو اس بیع کا کیا حکم ہے؟

ج) محرم شکار کے ساتھ حرم میں داخل ہوا یا محرم نے حرم میں شکار کرکے صید کو بیچ دیا تو یہ بیع رد کر دی جائے گی اور یہ بیچنا جائز ہے

س53) حرم کے درخت اور گھاس کاٹنے کا حکم فی زمانہ فتویٰ کس پر؟

ج) اگر کسی نے حرم کی گھاس یا درخت کو کاٹا جو کسی کی ملک نہیں حالانکہ وہ خود اُگ رہی ہے تو اس صورت میں کاٹنے والے پر قیمت واجب ہوگا [illegible]

س54) محرم نے شکار زخمی کیا اس کے لیے کیا حکم ہے؟

ج) محرم نے اگر شکار زخمی کیا یا شکار کا کوئی عضو کاٹ دیا تو اس زخم وغیرہ کی وجہ سے جو شکار میں کمی آئی ہے تو شکار کرنے والا اس کمی کا ~~ضامن~~ ذمہ دار ہوگا

س55) دو محرم یا غیر محرم نے مل کر شکار کیا جرمانہ کس پر واجب ہوگا؟

ج) اگر شکار کرنے والے محرم کے ہاتھ میں شکار کا جانور ہو اور کسی دوسرے نے اس کو قتل کیا تو دونوں ضامن ہوں گے۔ ہر ایک پر جزا ہوگی

س56) میقات سے بغیر احرام حرم میں داخل ہونے والے کا حکم؟

ج) اگر کوئی خارجی شخص بغیر احرام میقات سے تجاوز کر گیا تو اس پر دم واجب ہوگا

س57) محرم نے دوسرے حج کی نیت کی یعنی احرام کی تو دونوں کا حکم؟

ج) جس نے حج کا احرام باندھا، حج کا پھر دوسرے کا احرام باندھ لیا دوسرے دن تو اگر حلق کیا اول میں تو اس پر دوسرا دم ہوگا دم نہیں۔

58) احصار کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟
ج) لغوی معنی روکنا۔ اصطلاحی معنی محرم کو وقوف عرفہ اور
طواف زیارت سے روکنا۔
59) قارن، مفرد، یا معتمر کو حج سے روک دیا گیا تو اسکا حکم یعنی قضا کیا ہے؟
ج) اگر قارن محصر ہو تو اگلے سال ایک حج اور دو عمرے لازم ہوں گے۔ محصر بالعمرہ
پر عمرہ لازم ہوگا۔ محصر بالمفرد پر ایک عمرہ اور حج لازم ہوگا
60) کتنے اور کون کونسے اوقات میں عمرہ مکروہ تحریمی ہے؟
ج) یوم عرفہ یوم نحر۔ ایام تشریق میں عمرہ کرنا مکروہ
تحریمی ہے اسکے علاوہ باقی سال میں سنت ہے
61) قارن، مفرد، یا معتمر کا احرام سے نکلنے کا طریقہ بیان کریں؟
ج) یہ تینوں افراد قربانی وغیرہ کے بعد جب حلق یا تقصیر
کروالیں تو احرام سے نکل آئیں گے (احرام کی پابندیوں سے)
62) حج بدل کسے کہتے ہیں نیز اسکے جائز ہونے کی شرط بیان کریں؟
ج) اگر کسی شخص پر حج فرض ہو جائے اور وہ خود جانے کی استطاعت نہ رکھتا
ہو تو اپنی طرف سے کسی اور کو بھیج دے۔ اسکے جائز ہونے کے لیے شرط
ہے کہ اگر جو اسکا عجز ہے جس کی وجہ سے استطاعت نہیں رکھتا تو وہ عجز دائمی ہو۔
63) عبادت کتنی قسم کی ہیں نیز کس عبادت میں نیابت جائز ہے؟
ج) عبادت کی تین قسمیں ہیں 1) محض مالی 2) محض بدنی 3) جو ان دونوں سے
مرکب ہو۔ مالی صورت میں نیابت جائز بدنی میں جائز نہیں مرکب میں عجز کے وقت
64) منیب اور منوب پر کیا واجب ہے؟
ج) حج فرض میں نائب بنانے والے کے لیے عجز دائمی ہونا شرط اگر منوب کے
حج کرنے کے بعد نائب بنانے والا تندرست ہو جاتا ہے تو یہ کافی نہیں ہوگا خود حج کرنا ہوگا
65) ہدی کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں؟
ج) ہدی کا لغوی و اصطلاحی معنی

تقریب حرم لے جایا جاتا ہے

66) ہدی میں کون کونسے جانور شامل ہیں انکی شرائط بیان کریں؟

تین قسم کے جانور شامل ہیں گائے اونٹ کے علاوہ بکری - شرائط اونٹ

پانچ سال کا ہو گائے دو سال مکمل تیسرا شروع بکری ایک سال مکمل دوسرا شروع ہو 96

لیے وہی شرائط جو قربانی کے جانور کی ہیں

67) محرم پر کونسے جرائم پر بدنہ واجب ہے؟

جب طواف رکن حالت جنابت میں ہو اور وطی وقوف عرفہ

کے بعد ہو تو ان صورتوں میں بدنہ واجب ہوگا -

68) کس ہدی کا گوشت امیر و فقراء کھاسکتے ہیں اور کس کا فقط فقراء؟

دم نفلی کا دم تمتع کا دم قران کا آپ کے لاوہ جو دم کفارہ کا دم نذر

دم احصار، صاحب ہدی اور دیگر اغنیاء نہیں کھا سکتے صرف فقراء ہی کھائیں گے -

69) ہدی کس جگہ اور کس تاریخ کو ذبح کیا جائیگا؟

ہدی تمتع ہدی قران نحر کے دن حرم میں ذبح ہونگی ہدی جنایات

حرم میں ہوگی زمانہ خاص نہیں قربانی کا جانور عید کے دن جگہ خاص نہیں - دم کی جگہ و زمانہ خاص

## کتاب النکاح

70) نکاح کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟

نکاح کا لغوی معنی جوڑ ملانا کرنا - اصطلاحی معنی - نکاح وہ عقد

ہے جو ملک متعہ کیلئے وارد ہوتا ہے - قصداً

71) نکاح کرنے کا حکم بیان کریں؟

عام حالت میں نکاح کرنا سنت ہے غلبہ شہوت کی صورت میں واجب زنا کے

یقین کی صورت میں نکاح کرنا فرض ہے اور بعض صورتوں میں مکروہ یا حرام بھی

ہے جب نان و نفقہ نہ دے سکے۔

72) نکاح کے کتنے اور کونسے ارکان ہیں؟

نکاح کے دو رکن ہیں (1) ایجاب (2) قبول

73) کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہو سکتا ہے؟

نکاح لفظ نکاح سے اسی طرح لفظ تزویج سے بلکہ ان تمام الفاظ سے

جو فی الحال تملیک عین کے لیے وضع ہوں جیسے - تملیک، صدقہ، ہبہ، شراء

وغیرہ

74) نکاح کی شرائط بیان کریں؟

نکاح کے منعقد ہونے کے لیے دو مردوں کا حاضر ہونا شرط ہے
کہ دونوں آزاد ہوں یا ایک آزاد مرد اور دو آزاد عورتیں عاقل ہوں
بالغ مسلمان (اگرچہ فاسق یا محدود ہیں یا دونوں اندھے ہی کیوں
نہ ہوں اسی طرح اگر عاقدین کے بیٹے ہی ہوں) کا ہونا ضروری ہے

75) ومن امر رجلا ان یزوج صغیرتہ فزوجھا عند رجل والاب حاضر صح والالا۔ مذکورہ مسئلے جواز عدم جواز کی وجہ؟

اگر کسی شخص نے اپنی چھوٹی بچی کے نکاح کے لیے کسی کو وکیل بنایا کہ وہ
اسکا نکاح کروائے اگر وکیل نے ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کروایا
اور اسکا باپ بھی موجود تھا تو نکاح درست ہے اسلیے کہ باپ کو
مباشر نکاح مان لیں گے اور وکیل کو دوسرا گواہ ہوا پائے جانے کی
صورت میں نکاح درست اگر باپ موجود نہ ہو تو نکاح درست نہیں
کیونکہ مباشر نکاح موجود نہیں وکیل ایک گواہ ہے اور ایک گواہ سے نکاح منعقد نہیں ہوتا

76) محرمات مؤبدہ و محرمات مؤقتہ کا معنی نیز ان کی مثال سے وضاحت؟

محرمات مؤبدہ وہ عورتیں جو ہمیشہ کے لیے حرام ہیں جیسے ماں
بہن بیٹی۔ محرمات مؤقتہ جو وقتی طور پر حرام ہیں جیسے۔
بیوی کی بہن سے شادی کرنا طلاق دینے کے بعد۔

77) دو محرمہ عورتوں کو ایک نکاح میں جمع نہ کرنے کا اصول؟

نکاح کرنا ان دو عورتوں سے صحیح نہیں جب ان میں سے ایک کو
مرد تصور کریں تو دوسری کا اس سے نکاح کرنا حرام ہو۔ اسکا برعکس بھی اسی طرح
جیسے پھوپھی اور بھتیجی کو جمع کرنا

78) ولو تزوج اختین فی عقدین ولم یدر الاول ۔ عبارت کو منور کرتے ہوئے نکاح اور حق مہر کا حکم بیان کریں؟

اگر کسی شخص نے دو بہنوں سے علیحدہ علیحدہ نکاح کیا اور نہیں جانتا کہ
پہلے کس سے کیا تو قاضی ان دونوں کی اس مرد سے جدائی کرا دے گا
اور دونوں کو نصف نصف مہر دیا جائیگا۔

Date: __/__/20

(79) حرمت مصاہرت کو ثابت کرنے والے اسباب؟ 199

کسی شخص نے کسی عورت سے زنا کیا یا شہوت سے چھوا یا بوسہ لیا یا شہوت کے ساتھ شرمگاہ کی طرف دیکھا تو حرمت مصاہرت واجب ہوگی

(80) آزاد یا غلام مرد ایک وقت میں کتنی عورتوں سے شادی کر سکتا ہے؟

آزاد مرد ایک وقت چار عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے اس سے زیادہ نہیں چاہے وہ چاروں آزاد ہوں یا باندیاں ۔ غلام دو عورتوں سے زیادہ شادی نہیں کر سکتا ۔

(81) کس صورت میں حاملہ سے نکاح ہو سکتا ہے وطی نہیں؟

اگر کسی شخص نے ایسی عورت سے نکاح کیا جو زنا سے حاملہ ہے تو نکاح کرنا جائز ہے لیکن وطی اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک وضع حمل نہ ہو جائے

(82) کیا حالت احرام میں نکاح کرنا جائز ہے؟

حالت احرام میں نکاح کرنا جائز، وطی کرنا جائز نہیں جب تک حلال نہ ہو جائے یعنی احرام سے نہ نکل آئے

(83) آزاد کا لونڈی سے لونڈی کا آزاد سے نکاح کا حکم بیان کریں؟

لونڈی نکاح میں موجود ہوتے ہوئے آزاد سے نکاح کرنا جائز ہے جبکہ آزاد نکاح میں موجود ہوتے ہوئے لونڈی سے نکاح کرنا جائز نہیں

(84) نکاح متعہ نکاح موقت کسے کہتے ہیں ان کا حکم بیان کریں؟

نکاح متعہ اگر کوئی شخص کسی عورت سے کہے میں اتنی مدت تک اتنے مال کے عوض نفع اٹھاؤں اور عورت قبول کر لے تو یہ نکاح باطل ہے ۔

نکاح موقت ۔ اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرتا ہے گواہوں کے ساتھ لیکن ایک مدت تک تو یہ نکاح بھی باطل ہے یہ نکاح ابدی نہیں اس وجہ سے اور اس میں متعہ کا معنی بھی پایا جاتا ہے

85) ولی اور کفو کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟

ولی کا لغوی معنی

اصطلاح: حکم کو غیر پر نافذ کرنا وہ چاہے مانے یا نہ مانے

الکفو: کفو کی جمع ہے بمعنی نظیر و ہمسر کے۔

86) باکرہ یا ثیبہ کی طرف سے اجازت پر دلالت کرنے والے الفاظ؟

اگر ولی نے بالغہ باکرہ عورت سے اجازت چاہی وہ خاموش ہو گئی یا ہنس پڑی یا بلا آواز رو پڑی تو ان صورتوں میں اجازت سمجھی جائے گی۔ اگر ثیبہ عورت سے ولی نے اجازت مانگی تو اسکی طرف سے رضامندی کا اظہار زبان سے ضروری ہے۔

87) باکرہ بالغہ یا نابالغہ کا نکاح ولی نے جبر کیا تو نکاح کا حکم؟

باکرہ نابالغہ کا نکاح ولی جبراً کر لے اگر وہ کفو ہے تو درست ہے جبکہ باکرہ نابالغہ کا نکاح ولی جبراً نہیں کر سکتا وہ اس کی یعنی عورت کی رضامندی کے ساتھ ہوگا۔

88) اگر کثرت حیض تعنیس یا زنا کی وجہ سے پردہ بکارت زائل ہو گیا تو عورت باکرہ ہوگی یا ثیبہ؟

اگر کثرت حیض تعنیس زیادہ عمر ہونے کے سبب پردہ بکارت زائل ہو گیا ہو تو عورت باکرہ ہو گی زنا کی وجہ سے اگر بکارت زائل ہوئی تو وہ بھی باکرہ ہو گی۔

89) عصبہ سے کہتے ہیں نیز ولی کون بن سکتا ہے اور ولایت نکاح میں اسکی ترتیب بیان کریں؟

اولیا کی وہی ترتیب ہے جو باب وراثت میں عصبات کی ہے بیٹا پوتا
آگے جہاں تک 3 اگر بیٹا نہ ہو تو باپ دادا اور ان کے بعد بھائی ہو جائے

90) ولایت نکاح میں ترتیب بیان کریں عورتوں کی طرف کب ولایت منتقل ہوگی ان میں ترتیب کیا ہوگی؟

ولایت نکاح میں ترتیب وہی ہے جو ماقبل میں گزر گئی ہے اگر کسی عورت کے عصبات نہ ہوں تو ولایت عورتوں کی طرف منتقل ہوگی ترتیب پہلے ماں۔ پھر حقیقی بہن۔ پھر علاتی بہن پھر اخیافی بہن بھائی کے ... سے پھر ذوی الارحام پھر حاکم کے لیے۔

91) خیار بلوغ کسے کہتے ہیں یہ کب کسے حاصل ہے اسکی شرط بیان کریں؟

چھوٹے بچے یا بچی کا باپ اور دادا کے علاوہ ولی نے نکاح کروایا تو اب ان کے بالغ ہونے کے بعد انکو خیار ہوگا نکاح باقی رکھنے اور فسخ کا یہ بالغ ہونے کے بعد ہوتا ہے (اسے خیار بلوغ کہتے ہیں) اس میں قاضی کی قضا شرط ہے۔

92) مرد عورت میں اظہار بلوغ کے بطلان کی صورتیں بیان کریں؟

اگر لڑکی بالغ ہونے کے بعد نکاح کے علم ہونے کے باوجود خاموش رہتی ہے تو اس سے عورت کا خیار فسخ باطل ہوجائے گا۔
لڑکے کا خیار فسخ صرف خاموش رہنے سے باطل نہیں ہوگا بلکہ رضامندی یا زبان سے کہنا یا عورت کا بوسہ لینا یا وطی کرنے سے خیار فسخ باطل ہوجائے گا۔

93) کس کس کو ولایت حاصل نہیں کنز الدقائق کی روشنی میں؟

غلام صغیر اور مجنون اسی طرح کافر کو مسلمان عورت پر ولایت کا حق حاصل نہیں کیونکہ انکو اپنے اوپر حق نہیں تو دوسروں پر بدرجہ اولی نہیں ہوگا۔

94) عصبہ کا ولی قریب کون ہے؟

اگر کسی عورت کے عصبات نہ ہوں تو ولایت کا حق ماں
کے لیے پھر حقیقی بہن کے لیے پھر علاتی بہن پھر اخیافی بہن بھائی
پھر ذوی الارحام کے لیے پھر حاکم کے لیے ولایت ہوگی

95) ولی قریب کی غیر موجودگی میں ولایت کسے اور غیر موجودگی
میں مسافت کا کتنا اعتبار ہوگا؟

ولی بعید کے لیے نکاح کرنے کا اختیار ہوگا اس صورت
جب ولی اقرب موجود نہ ہو بقدر مسافت (یعنی
تین دن کی مسافت کے برابر) اگر ایسا ہو گا ادنی صورت مسافت کی ہے

96) بالغہ عورت نے بغیر اجازت ولی غیر کفو میں نکاح کیا تو اسکا حکم؟

اگر کوئی عورت اپنا نکاح خود بغیر اجازت ولی کے غیر کفو
میں کیا تو ولی کو اختیار ہوگا کہ وہ اس نکاح کو فسخ کر دے
کیونکہ یہ اسکے لیے باعث عار ہے - قاضی کے فیصلے سے

97) کفاءت میں کتنی چیزوں کا اعتبار ہے صرف نام؟

کفاءت میں نسب - آزادی - اسلام - باپ دادا میں سے
آباء اجداد کی طرح ہو - دیانتداری - مال - اور پیشے کا
اعتبار ہوگا -

98) غلام یا لونڈی نے بغیر اجازت آقا کے نکاح کیا تو
انکے نکاح کا حکم بیان کریں؟

غلام یا لونڈی نے بغیر اجازت آقا کے نکاح کیا تو ان
کا نکاح آقا کی اجازت پر موقوف ہوگا اگر آقا اجازت
دے تو ٹھیک نکاح صحیح ہوگا ورنہ نکاح صحیح نہیں
ہوگا -

Day ____ Date: / /20

199) نکاح فضولی کسے کہتے ہیں اسکا حکم بیان کریں؟

اگر کوئی شخص نہ اصیل نہ وکیل نہ ولی بلکہ اجنبی ہو اور بغیر اجازت شرعی کسی کا نکاح کروانا۔

حکم۔ تو یہ نکاح اسی طرح ہوگا کہ غلام یا لونڈی نے بغیر اجازت آقا کے نکاح کیا موقوف ہوگا اور جس کے حق میں اس نے تصرف کیا اگر اجازت دے تو صحیح ورنہ باطل ہو جائے گا۔

100) مہر کسے کہتے ہیں اسکی کم از کم مقدار بیان کریں؟

مہر اس مال کو کہتے ہیں جس سے عورت عقد نکاح یا وطی بشبہ کی مستحق ہوتی ہے۔

مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہیں اگر اس سے کم ذکر کیا تو پھر بھی دس درہم ہی دینا ہوگا اگر خلوت صحیحہ ہو جاتی ہے۔

194) مجنونہ کا ولی اقرب کون ہوگا؟

مجنونہ کا ولی اقرب بیٹا ہوگا نہ کہ باپ۔

(101) مہر کی کتنی اقسام ہیں؟ ایک ہر کی تعریف کریں۔

مہر کی دو اقسام ہیں

① مؤجل (2) معجل

مؤجل کی تعریف۔

وہ جو ادھار ہو جلدی نہ ہو

معجل کی تعریف۔

وہ جو قبل الوطی دینا ضروری ہو جلدی کا ہو

(102) مہر مسمیٰ، نصف، مثلی اور متعہ کب کب دیا جاتا ہے؟

مہر مسمیٰ:

وطی کے بعد اگر طلاق ہو جائے تو مہر مسمیٰ ہوگا۔

نصف:

وطی سے پہلے طلاق ہوگئی تو نصف مہر ہوگا۔

مثلی:

اگر مہر ذکر ہی نہیں کیا یا اس سے نفی کر دی تو مہر مثلی ہوگا۔

متعہ:

اگر شوہر نے وطی کی یا فوت ہو گیا تو متعہ ہوگا اگر اس کو

طلاق دے دی وطی سے پہلے

(10 خلوۃ صحیحہ سے کیا مراد ہے؟ موانع خلوت کتنے اور کونسے

ہیں۔

اگر وہ مریض بھی نہ ہو اور نہ حیض اور احرام والی ہو اور نہ اس

اگر فرض روزہ ہو تو خلوت صحیحہ نہ ہو گی ۔ ایسا میاں بیوی کا تنہائی میں ہونا ۔

**(موانع)**

خلوت صحیحہ کے موانع 3 چیزیں ہیں

1) جس کا ذکر اوپر ہوا

2) خصی

3) عنین

**(104) خلوت صحیحہ ہے یا نہیں مجبوب، عنین یا خصی کیلئے؟**

ہاں ان کیلئے بھی خلوت صحیحہ ہے

**(105) متعہ مستحب کب ہے واجب کب؟**

**مستحب**

متعہ مستحب ہے ہر مطلقہ کیلئے

**واجب**

مفوضہ کیلئے واجب ہے اگر اسے وطی سے پہلے طلاق دی ۔

**(106) عجمی میں نسب کا اعتبار کیوں نہیں؟**

کیونکہ عجمی سارے برابر ہیں ۔ اہل عرب کا صرف فرمایا گیا

کہ عرب والے آپس میں ایک دوسرے کے کفو ہیں

**(107) اگر آزاد یا لونڈی نے تعلیم قرآن پر نکاح کیا مہر میں کیا واجب ہو گا؟**

**1) آزاد**

آزاد کیلئے مہر مثل ہو گا

**یا**

**2) لونڈی**

لونڈی کیلئے تعلیم قرآن مہر ہو سکے گا ۔ عند امام محمد

عندنا مہر مثل ہی ہو گا ۔

(108) نکاح شغار کیسے کہتے ہیں؟ اس میں مہر کیا واجب ہوگا
تعریف۔
کوئی شخص اس شرط پر اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح کروائے کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح کرے
مہر کتنا ہوگا؟
اس میں مہر کچھ نہیں ہوگا۔

(109) ولو قبضت الف المهر ووهبت له فطلقت قبل الوطی۔
مذکورہ عبارت میں غور کریں اور مہر کا حکم بیان کریں۔
عورت نے اگر ہزار مہر قبضہ کیا اور وہ اسے مرد کو تحفہ دے دیا۔ وطی سے پہلے طلاق ہو جائے تو نصف مہر ہوگا۔

(110) دو معین غلاموں میں سے کسی ایک پر نکاح کیا مہر کا فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟
اس صورت میں مہر مثلی کا فیصلہ ہوگا۔

(111) دو معین غلاموں پر نکاح کیا ایک یا دونوں آزاد نکل آئے مہر میں کیا واجب ہوگا؟
اگر ایک آزاد ہو جائے تو اس کی قیمت دینی پڑے گی اور دوسرا غلام ہی ہوگا۔ اگر دونوں آزاد ہو جائے

اس پر پانچ ہزار مہر اگر وطن میں رہنے دے اور دو ہزار
مہر اگر وطن سے اس کو نکال دیا پس اس نے بیوی کو کسی
شرط اپنے وطن میں رہنے دیا تو اس کے لیے ہزار درہم ہیں
ورنہ مہر مثلی دینا ہوگا۔

**(116) مہر کی مقدار میں زوجین کا اختلاف ہوا تو فیصلہ کیسے کیا جائے گا؟**

اگر مہر کی مقدار میں زوجین کا اختلاف ہوا
تو فیصلہ مہر مثلی ہوگا۔

**(117) زوجین کے انتقال کے بعد ان کے ورثاء کا مقدار مہر میں اختلاف ہوا تو فیصلہ کیسے کیا جائے گا۔**

تو اس شوہر کے ورثاء کے قول کو لیا جائے
گا اگر دونوں مر گئے۔

**(118) مہر مسمٰی میں زوجین کا اختلاف ہوا تو کیا واجب ہوگا؟**

مہر مسمٰی میں زوجین کا اختلاف ہوا
تو مہر مثلی واجب ہوگا۔

**(119) مہر یا ہدیہ میں زوجین کا اختلاف ہوا کس کے قول پر فیصلہ ہوگا؟**

اگر مہر یا ہدیہ میں میں اختلاف
ہوا تو شوہر کے قول کو لیا جائے گا اگر وہ کھانے والی چیزوں سے
نہیں ہیں۔

(120) قسم کے لغوی معنی اور اصطلاحی معنی بیان کریں۔

لغوی معنی:

شرکاء کے حصوں کو متعین کرنا

اصطلاحی:

منکوحہ عورتوں کے مابین، رات گزارنے، نفقہ، رہائش میں برابری کرنا۔ اس میں جماع کی برابری ضروری نہیں۔

(121) ایک سے زائد عورتوں میں کن کن چیزوں میں برابری ضروری ہے؟

رات گزارنا، نفقہ، رہائش، کھانا، پینا ان میں برابری ضروری ہے۔ جماع میں برابری ضروری نہیں

(122) اگر ایک زوجہ اپنی باری دوسری کے لیے ہبہ کر دے تو رجوع کا حق ہے یا نہیں اور کب تک؟

مذکورہ صورت میں رجوع کا حق حاصل ہے اور جب چاہے وہ اپنی باری کے حوالے سے رجوع کر سکتی ہے جو ہبہ کی تھی۔

[redacted]

# کتاب الرضاع۔

(123) رضاعت کا لغوی اور اصطلاحی معنی۔

لغوی:

چوسنا

اصطلاحی:

عورت کے پستان سے وقت مخصوص میں دودھ کا چوسنا

(124) کتنی مدت میں کتنا دودھ پینے سے رضاعت ثابت ہوگی؟

اڑھائی سال میں ایک گھونٹ پینے سے بھی رضاعت ثابت ہوگی۔

(125) رضاعت سے کون کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں؟

رضاعت میں وہ رشتے حرام ہوتے ہیں جو نسب میں حرام ہوتے ہیں مگر رضاعی بھائی کی ماں اور رضاعی بیٹے کی بہن سے شادی کر سکتا ہے۔

(126) دودھ عورت نے پلایا اس کے شوہر کے حرام ہونے کی کیا وجہ ہے؟

کیونکہ جزئیت مرد کی وجہ سے ثابت ہے اور دودھ مرد کی بدولت ہی عورت کے اترتا ہے۔

(127) نحل اخت اخیہ رضاعا ونسبا
مذکورہ عبارت پر غور کرتے ہوئے مسئلہ مثال سے واضح کریں۔

حلال ہے بھائی کی رضاعی اور نسبی بہن
مثلاً - زید کی دو بیویاں فاطمہ، خدیجہ اور دونوں سے دو لڑکے ہیں پہلی کا بکر اور دوسری کا خالد۔ فاطمہ کے سابق خاوند سے ایک لڑکی زینب بھی ہے یہ لڑکی خدیجہ کے لڑکے کے لیے حلال ہے کیوں کہ ان دونوں میں قرابت نہیں

(128) اگر عورت کا دودھ، طعام، پانی، بکری یا کسی دوسری عورت کے دودھ کے ساتھ ملا کر پلا دیا رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں؟

ایسا دودھ جو کھانے کے ساتھ ملا ہو وہ حرمت نہیں پیدا کرتا - اعتبار کیا جائے گا غالب کا اگر دودھ طعام، پانی، بکری، دوا یا کسی دوسری عورت کے دودھ کے ساتھ ملا ہو تو غالب کا اعتبار کیا جائے گا۔

(129) اگر کبیرہ نے صغیرہ بیوی کو دودھ پلا دیا نکاح اور مہر کا حکم بیان کریں۔

اگر دودھ پلایا بڑی نے چھوٹی کو دونوں حرام ہو جائیں گی بڑی کے لیے مہر نہیں ہوگا اگر اس سے وطی نہ کی اور چھوٹی کے لیے نصف مہر ہوگا - اور رجوع کرے گا اس کے بارے بڑی سے اگر اس نے نکاح کے فسخ ہونے کا ارادہ کیا ہو ورنہ نہیں۔

(130) ثبوت رضاعت کی شرائط بیان کریں۔

دو عادل یا مستور مردوں کی گواہی سے یا ایک مرد یا دو عورتوں کی گواہی سے رضاعت ثابت ہوگی۔ اور عورتوں کی گواہی سے رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔